آج ہی اپنے بچے کو ویکسین لگوائیں!
COVID-19 ویکسینیں 5 سے 17 سال کے بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔

ویکسینیشن سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** پر جائیں یا 877-829-4692 پر کال کریں۔ آپ اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بھی بات کر کے معلوم کر سکتے ہیں کہ کیا وہ ویکسینیشن پیش کر رہے ہیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو 212-268-4319 پر کال کریں۔

- **ویکسینیں محفوظ، مؤثر اور مفت ہیں!** ویکسین لگوانے کے لیے آپ کے پاس صحت بیمہ موجود ہونے یا آپ کو اپنی ترکِ وطن کی حیثیت شیئر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ویکسینیشن اپنے بچے، اپنے خاندان اور اپنی کمیونٹی کی COVID-19 سے حفاظت کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ NYC میں دو تہائی سے زائد بچوں سمیت امریکہ میں 27 ملین سے زیادہ بچوں کو ویکسین لگائی جا چکی ہے۔
- **بالغوں کی طرح بچوں کو بھی COVID-19 ہونے کا امکان ہے۔** امریکہ میں 12 ملین سے زیادہ بچوں کو COVID-19 ہو چکا ہے۔
- **بچے COVID-19 سے شدید بیمار ہو سکتے ہیں۔** امریکہ میں، 100,000 سے زیادہ بچے ہسپتال میں داخل اور 1,000 سے زیادہ ہلاک ہو چکے ہیں۔
- **بچوں کو طویل COVID ہو سکتا ہے اور دیگر پیچیدگیوں کا سامنا کر سکتے ہیں۔**
- **بچوں سے دوسروں کو COVID-19 ہو سکتا ہے**، چاہے ان میں علامات نہ ہوں۔

---

1. بچوں کو کتنی خوراکیں درکار ہیں؟

ویکسین کی دو بنیادی خوراکیں درکار ہوتی ہیں۔ کچھ بچوں کے لیے بوسٹر خوراکیں بھی تجویز کی جاتی ہیں۔

2. ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ ویکسین محفوظ اور بچوں کے لیے کارگر ہے؟

ویکسین کا ہزاروں بچوں میں مطالعہ کیا گیا اور اس کو بہت محفوظ اور مؤثر پایا گیا۔ اس عمل کی امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن، دیگر اداروں اور غیر جانبدار ماہرین نے قریب سے نگرانی کی۔ یہ ویکسین امریکہ میں لاکھوں بچوں کو لگائی گئی ہے اور مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ ویکسین نے ہزاروں افراد کو ہسپتالوں میں داخل ہونے اور موت سے بچایا ہے۔

3. اس کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟ کیا اس سے تکلیف ہو گی؟

بچوں کو بالغ افراد سے ملتے جلتے ضمنی اثرات ہی درپیش ہوتے ہیں۔ کسی بھی دوسرے ٹیکے کی طرح، ان کو ویکسین لگواتے وقت ہلکا سا درد محسوس ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد ان کو بازو میں ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد ہو سکتا ہے، اور تھکاوٹ یا جسم درد محسوس ہو سکتا ہے، سر درد ہو سکتا ہے یا بخار ہو سکتا ہے۔ یہ اس بات کی نشانیاں ہیں کہ جسم میں تحفظ پیدا ہو رہا ہے۔ ضمنی اثرات عام طور پر ایک سے دو دن تک رہتے ہیں۔

دل کی سوزش (مایوکارڈائٹس) اور اس کے گرد موجود پٹھے کی سوزش (پیریکارڈائٹس) کا کم حد تک خطرہ موجود ہے۔ زیادہ تر لوگ دوائی اور آرام سے جلدی بہتر ہو جاتے ہیں۔ شدید قسم کے ضمنی اثرات شازو نادر ہی ہوتے ہیں اور COVID-19 کے خطرات ان کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہیں۔



NYC VACCINE FOR ALL:
SAFE, FREE, EASY

NYC

4. کیا ویکسین لگوانے سے میرے بچے کے ماہواری یا مستقبل میں بچہ پیدا کرنے کے امکانات (تولیدی صلاحیت) متاثر ہو سکتے ہیں؟

ماہواری میں بہت سے عوامل کی وجہ سے تبدیلی آ سکتی ہے، جیسے کہ ذہنی تناؤ، اور نیند، خوراک اور طرز زندگی میں تبدیلی۔ ایک حالیہ تحقیق سے پتا چلا ہے کہ کچھ لوگوں کو ویکسینیشن کے بعد ماہواری کے سائیکلز میں مختصر تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے (ایک سے دو سائیکل)۔ ماہواری کے سائیکلز میں مختصر تبدیلیاں تولیدی مسائل کا سبب نہیں بنتیں۔

COVID-19 ویکسینوں کا تعلق تولیدی صلاحیت کے مسائل کے ساتھ جوڑنے والے دعووں کی تائید میں کوئی سائنسی ثبوت موجود نہیں ہیں۔ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ جن لوگوں نے COVID-19 کی ویکسین لگوائی ان کے ہاں اسی شرح سے بچوں کی پیدائش ہوئی جس شرح سے ویکسین نہ لگوانے والے افراد میں بچوں کی پیدائش دیکھنے کو ملی۔ مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام اور دیگر ماہرین کا کہنا ہے کہ جو لوگ مستقبل میں بچہ پیدا کرنے کا سوچ رہے ہوں ان کے لیے ویکسین لگوانا محفوظ ہے۔

5. میرے خاندان کا کوئی ڈاکٹر نہیں ہے۔ سوالات کی صورت میں مجھے کہاں کال کرنا چاہیے؟

ویکسینوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/covidvaccine** اور **cdc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا NYC Health + Hospitals کا ڈاکٹر تلاش کرنے میں مدد درکار ہے تو آپ **311** یا 212-268-4319 پر کال کر سکتے ہیں۔ نگہداشت ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی استطاعت سے قطع نظر فراہم کی جاتی ہے۔

6. کیا بچوں کو ویکسین لگوانے کے لیے اجازت کی ضرورت ہے؟ کیا انہیں کسی ID (شناخت) یا دیگر دستاویزات کی ضرورت ہے؟

جی ہاں۔ والدین میں سے کسی ایک یا سرپرست کو ذاتی طور پر، فون کے ذریعے، یا تحریری طور پر رضامندی دینی چاہیے۔ ویکسینیشن سائٹس کے تقاضوں کے بارے میں جاننے کے لیے متعلقہ ویکسینیشن سائٹ سے رجوع کریں۔ 15 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ ان کے والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست، یا والدین یا سرپرست کا منتخب کردہ کوئی اور بالغ ہونا ضروری ہے۔

اگر آپ کے پاس عمر کا ثبوت، جیسے کوئی ID یا پیدائش کا سرٹیفکیٹ ہو تو ساتھ لے کر آئیں۔ عمر کا ثبوت نہ ہونے کی صورت میں آپ اپنے بچے کی عمر کی تصدیق کر سکتے ہیں۔

7. میرے بچے کو صحت کا مسئلہ درپیش ہے۔ کیا انہیں پھر بھی ویکسین لگوانی چاہیے؟

جی ہاں۔ درحقیقت، دمہ، ذیابیطس، موٹاپے اور دیگر صحت کے مسائل کا سامنا کرنے والے بچوں کے لیے ویکسین لگوانا اور بھی زیادہ ضروری ہے کیونکہ یہ عوارض ان کے COVID-19 سے شدید بیمار ہونے کا خطرہ بڑھا سکتے ہیں۔ کسی کے ویکسین نہ لگوانے کی واحد وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اسے ویکسین کے کسی جزو سے الرجی ہو۔

8. کیا بچوں کو ویکسین سے COVID-19 ہو سکتا ہے؟

نہیں، COVID-19 ویکسین میں COVID-19 کا سبب بننے والا وائرس نہیں ہوتا ہے۔

9. میرے بچے کو ماضی میں COVID-19 ہوا تھا۔ کیا انہیں پھر بھی ویکسین لگوانی چاہیے؟

جی ہاں۔ ویکسینیشن سے اضافی تحفظ فراہم ہونا ثابت ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے دوبارہ COVID-19 ہونے اور اس سے متاثر ہونے کی صورت میں شدید بیمار ہونے کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

10. کیا میرا بچہ COVID-19 ویکسین دیگر ویکسینوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوا سکتا ہے؟

جی ہاں۔ بچے COVID-19 ویکسین دیگر ویکسینوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں، یا ان سے پہلے یا بعد کسی بھی وقت لگوا سکتے ہیں۔